پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

25/جون، 2015

ریزروبینک آف انڈیا نے 2005 سے پہلے کی سیریز کے بینک نوٹوں کی واپسی کی تاریخ میں توسیع کردی ہے

ریزروبینک نے عوام کی سہولیات کے مدنظر 2005 سے پہلے کی سیریز کے بینک نوٹوں کی تبدیلی کے لئے دسمبر 2015 تک تاریخ میں توسیع کردی ہے۔ پہلے دسمبر 2014 میں تبدیلی کی تاریخ 30 جون، 2015 تک طے کی گئی تھی۔

عوام سے تعاون کی درخواست کرتے ہوئے ایسے نوٹوں کو سرکولیشن سے واپس لینے کی اپیل کرتے ہوئے ریزروبینک نے تاکید کی ہے کہ وہ اپنے پرانے ڈیزائن کے نوٹوں کو اپنے بینک کھاتوں میں جمع کردیں یا اپنی سہولت کے مطابق کسی بینک برانچ سے تبدیلی کرلیں۔ ریزروبینک نے یہ بھی اعلان کیا ہے کہ ایسے نوٹوں کو پوری قیمت میں ہی تبدیل کیا جائے گا۔ یہ بھی وضاحت کی جاتی ہے ایسے نوٹوں کو بعد میں لیگل ٹنڈر مانا جاتا رہے گا۔

اپنی اس مہم کی تشریح کرتے ہوئے ریزروبینک نے بتایا ہے کہ اب مہاتما گاندھی سیریز کے نوٹ قریب دس سالوں سے سرکولیشن میں ہیں۔ اور پرانے نوٹوں کی اکثریت بینک برانچوں کے ذریعہ واپس کی جاچکی ہے۔ اس لئے یہ طے کیا گیا ہے باقی بچے پرانے نوٹوں کو سرکولیشن سے واپس لے لیا جائے۔ اسٹینڈرڈ انٹرنیشنل پریکٹس کے مطابق ایک وقت میں کئی سیریز کے کرنسی نوٹوں کو سرکولیشن میں نہیں ہونا چاہیئے۔ ریزروبینک کا مقصد بھی یہی ہے۔

ریزروبینک اس معاملہ کو برابر مانیٹر (نگاوہ رکھنا) کرتا رہے گا اور اس طریقۂ کار پر نظرثانی کرتا رہے گا تاکہ اس معاملہ میں عوام کو کسی طرح کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

پریس ریلیز:2751/2014-2015

الپنا کلّہ والا
پرسنل چیف جنرل منیجر